ہفت روزہ

ولایت ٹائمز

جلد نمبر: 01 شمارہ نمبر: 01 08 تا 14 جون 2015 قیمت:۔ 05۔ TITLE CODE:JKBIL00305

دراندازی کی کوششوں میں تیزی آنے کا اندیشہ لاحق

لشکر اسلام حزب المجاہدین کا شیڈو گروپ

حالیہ کچھ ماہ کے دوران جنوبی اور شمالی کشمیر کے 2 درجن سے زیادہ نوجوان عسکری تربیت کیلئے سرحد پار چلے گئے

سرینگر// کے این ایس//

'دراندازی کی کوششوں میں تیزی آنے کا اندیشہ لاحق' ہونے کے بعد لائن آف کنٹرول پر نگرانی چوکیوں وآلات کو متحرک اور فوج و نیم فوجی دستوں کو چوکنا کر دیا گیا ہے جبکہ یہ انکشاف بھی ہوا ہے کہ حالیہ کچھ ماہ کے دوران جنوبی اور شمالی کشمیر کے 2 درجن سے زیادہ نوجوان عسکری تربیت کیلئے سرحد پار چلے گئے۔اس دوران سیکورٹی ایجنسیوں نے لشکر اسلام کو حزب المجاہدین کا شیڈو گروپ قرار دیتے ہوئے گرفتار افراد سے دوران پوچھ تاچھ اہم معلومات حاصل ہونے کا دعویٰ کیا۔کشمیر نیوز سروس کو سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ ٹنگڈار اور نوگام سیکٹروں میں یکے بعد دیگرے دراندازی کی دو کوششوں کے دوران خونین جھڑپوں میں 7 جنگجوؤں کی ہلاکت کے بعد پورے شمالی کشمیر میں لائن آف کنٹرول پر فوج اور سرحدی حفاظتی فورس کے اہلکاروں کی گشت میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ حد متارکہ پر چوکسی بھی بڑھا دی گئی ہے۔ذرائع کے مطابق مختلف سراغ رساں اداروں کی طرف سے سیکورٹی ایجنسیوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ موسمی صورتحال بہتر ہونے کے بعد سرحد پار جنگجوؤں کی طرف سے دراندازی کی کوششوں میں تیزی لائی جاسکتی ہے،اور دراندازی کے حوالے سے پیشگی اطلاعات ملنے کے بعد لائن آف کنٹرول پر حفاظتی اقدامات مزید سخت کئے گئے ہیں۔ذرائع نے انکشاف کیا کہ سراغ رساں اداروں نے فوج ،بی ایس ایف اور دوسری سیکورٹی ایجنسیوں کو یہ معلومات فراہم کی ہیں کہ حد متارکہ کے نزدیک کئی مقامات پر بڑی تعداد میں جنگجو الگ الگ گروپوں میں دراندازی کی تاک میں بیٹھے ہیں ،اسلئے حد متارکہ پر نگرانی چوکیوں وآلات کو سریع الحرکت رکھنے کے ساتھ ساتھ فوج اور سرحدی حفاظتی فورس کے اہلکاروں نے رات دن گشت کیلئے بڑھا دیا ہے۔دفاعی ذرائع نے دراندازی کے واقعات میں تیزی آنے کے پیش نظر حفاظتی انتظامات مزید سخت کئے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ٹنگڈار اور نوگام سیکٹروں میں دراندازی کی 2 کوششوں کی ناکامی اور اس دوران ہونے والی جھڑپوں میں 7 جنگجوؤں کی ہلاکت فوج اور نیم فوجی دستوں کی طرف سے اپنائی جارہی چوکسی کا ہی نتیجہ ہے۔ کے این ایس کو سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ سرحد پار سے آنے والے دنوں میں جنگجوؤں کی طرف سے دراندازی کی کوششوں میں تیزی لائے جانیکا اندیشہ ہے، اس لئے دراندازی کی روک تھام کیلئے تمام ضروری اقدامات//101

لوگوں نے بھاجپا کی فرقہ پرست سیاست کو بھانپ لیا

پی ڈی پی اور بی جے پی کے درمیان پالیسیوں کا تضاد/میر

سرینگر// کے این ایس//

مخلوط سرکار کے خلاف زہر اگلتے ہوئے کانگریس کے ریاستی صدر غلام احمد میر نے کہا کہ حکمران جماعتیں صرف ان پالیسیوں کو لاگو کرتی ہے جس سے ان کے سیاسی مفادات کی تکمیل ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ڈی پی اور بی جے پی کے درمیان پالیسیوں سے تضاد نے ریاست میں غلط اور مبہم پیغامات پھیلے ہیں۔کشمیر نیوز سروس کے مطابق کانگریس نے تقسیم کرنے کی سیاست کے عنقریب ختم ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بی ج پی نے پہلے پورے بھارت میں پہلے فرقہ پرست سیاست کو پروان چڑھایا اور بعد میں یہی نسخہ جموں وکشمیر میں بھی اپنایا تاہم انہوں نے کہا کہ اب لوگوں نے بی جے پی کے اس عوام دشمن فرقہ پرست ایجنڈے کو مسترد کیا ہے۔ ٹنل کے اس پار بانہال میں ایک سیاسی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے ریاستی صدر غلام احمد میر نے بی جے پی پر حملہ بولتے ہوئے کہا کہ انتخابات کے دوران اس جماعت نے پہلے سیاسی مفادات کیلئے تقسیم کرنے کی سیاست کی اور بعد میں ریاستی اسمبلی کے دوران بھی جموں میں اس کو پروان چڑھایا۔انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بی ج پی لوگوں کو تقسیم کرنے میں کامیاب ہوئی ہے تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ پورے ملک میں اب لوگوں نے بی جے پی کی اس فرقہ پرست سیاست کو//102

'طبی لاپرواہی کے باعث حاملہ خاتون کی موت' واقعہ

سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام کپواڑہ میں لوگوں نے 'زوردار احتجاج'

سوگام// کے این ایس//

'طبی لاپرواہی کے باعث حاملہ خاتون کی موت' واقعہ ہونے کے بعد سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام کپواڑہ میں لوگوں نے 'زوردار احتجاج' کیا جبکہ لواحقین نے غفلت شعار ہیلتھ افسروں وڈاکٹروں کیخلاف کارروائی تک خاتون کی آخری رسومات ادا کرنے سے انکار کیا۔ڈپٹی کمشنر کپواڑہ راجورنجن نے متعلقہ بلاک میڈیکل آفیسر کی معطلی کی سفارش کرتے ہوئے افسوسناک واقعہ کی تحقیقات عمل میں لانے کیلئے سی ایم او کپوارہ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی۔ادھر معلوم ہوا کہ ہیلتھ افسروں وڈاکٹروں کیخلاف کارروائی کی یقین دہانی پر لواحقین نے خاتون کی میت آبائی گاؤں دیور لولاب میں سپرد خاک کی۔ کشمیر نیوز سروس نمائندے کے مطابق اتوار کی صبح سب//103

میووں کی ذخیرہ سازی اور بہتر مارکیٹنگ کیلئے جامع پلان مرتب

ترجیحی بنیادوں پر پارمپورہ سرینگر، سوپور اور نروال جموں میں 3 بڑے کولڈ اسٹوریج تعمیر کرنے کا فیصلہ

سرینگر// کے این ایس//

ریاستی سرکار نے 'میوہ صنعت کو فروغ دینے کیلئے پھلوں کی مناسب ذخیرہ سازی اور بہتر بازاریابی' کیلئے ترجیحی بنیادوں پر پارمپورہ سرینگر ،سوپورا ور نروال جموں میں 3 بڑے کولڈ اسٹوریج تعمیر کرنے کا فیصلہ' لیا جبکہ خشک میووں اور زعفران کی موثر مارکیٹنگ کیلئے سری نگر جموں شاہراہ پر ایک بڑی فروٹ منڈی تعمیر کرنے کو بھی منظوری دی گئی۔یہ بھی فیصلہ لیا گیا کہ راشن، سبزیوں اور میووں کی درآمد اور برآمد کے بارے میں پختہ جانکاری رکھنے کیلئے لکھن پور اور مغل روڈ پر قائم کئے جائیں گے۔ادھر میوہ صنعت سے جڑے لوگوں نے سرکار کے فیصلوں اور اقدامات کی سراہنا کرتے ہوئے اسبات پر زور دیا کہ باغاتی، زرعی اور زعفرانی اراضی کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے موجودہ قوانین کو مزید سخت بنایا جائے۔کشمیر نیوز سروس کے مطابق ریاستی سرکار نے جموں وکشمیر بالخصوص وادی میں پیدا ہونے والے مختلف میووں کی ذخیرہ سازی اور بہتر مارکیٹنگ یا بازاریابی کیلئے ایک جامع پلان مرتب کیا ہے، جس کے تحت سرینگر میں پارمپورہ ، شمالی کشمیر میں سوپور اور جموں میں نروال کے مقام پر 3 بڑے کولڈ اسٹوریج تعمیر کئے جارہے ہیں۔سرکاری ترجمان//104

ہانجورہ کا میرگنڈ کا دورہ

15 مستفیدین میں 3 لاکھ روپے کی رقم تقسیم کی

سرینگر// انفو//

وزیر برائے زراعت غلام نبی لون ہانجورہ نے میرگنڈ میں ابریشم کے کیڑے پیدا کرنے والے بنیادی سٹیشن، شہتوت نرسری اور فارم کا دورہ کیا۔معائینے کے دوران وزیر موصوف نے محکمہ//105

ریاستی حکومت نے 80 رشوت خور آفیسروں کے خلاف کاروائی عمل میں لانے کا فیصلہ کیا

ویجی لنس کمیشن اور سی آئی ڈی محکموں کو متحرک کر دیا گیا

سرینگر// جے کے این ایس//

ریاستی حکومت نے راشی آفیسروں کے خلاف کاروائی عمل میں لانے کا فیصلہ کرتے ہوئے ویجی لنس آرگنائزیشن، ویجی لنس کمیشن کو ایسے آفیسروں کی لسٹ وزیر اعلیٰ کے دفتر میں جمع کرنے کے احکامات صادر کئے جنہوں نے قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سرکاری خزانے کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا ہے۔ذرائع کے مطابق ریاستی حکومت نے سی آئی ڈی اور دوسری تحقیقاتی ایجنسیوں کو رشوت خوری میں ملوث آفیسروں کے خلاف سخت نوعیت کے کیس درج کرنے کے ضمن میں آگاہ کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ویجی لنس آرگنائزیشن اور سی آئی ڈی محکمہ نے 80 کے قریب سینئر آفیسروں کے بارے میں تحقیقات شروع کر دی ہے جنہوں نے غیر قانونی طور پر کروڑوں روپیہ کی جائیداد بنائی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ تحقیقاتی ایجنسیوں نے پہلے مرحلے کے تحت 80 آفیسروں کیبارے میں مکمل لسٹ فراہم کی ہے اور وزیر اعلیٰ نے فوری طور پر چیف سیکریٹری کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے کر ڈوزئیر تیار کرنے کے ضمن میں آگاہ کیا ہے۔ ذرائع نے جے کے نیوز سروس کو بتایا کہ رشوت خوری میں ملوث آفیسروں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لانے کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے تحقیقاتی ایجنسیوں کو مکمل لسٹ دفتر میں جمع کرنے کے احکامات صادر کئے ہیں۔ ذرئع کے مطابق انتظامیہ میں کئی آفیسروں نے غیر قانونی طور پر کروڑوں روپیہ کی جائیداد بنائی ہے اور اس سلسلے میں ویجی لنس//106

PRINTER:WASEEM RAJA,PUBLISHER:WASEEM RAJA,OWNER:WASEEM RAJA,EDITOR:WASEEM RAJA,PRINTED AT:KHIDMAT OFFEST,THE BUND
SRINAGAR.PUBLISHED FROM:-Maisuma Bazar, Gaw Kadal Srinagar. TITLE CODE:JKBIL00305. Cell:-+91-9419001884,+91-8494001884

باقیات

101

اٹھائے گئے ہیں۔ ذرائع نے یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ وادی میں جنگجو گروپوں کو سرنو متحرک کرنے اور ان کی افرادی قوت کو بہتر بنانے کیلئے سرحد پار سے جنگجوؤں کی دراندازی میں تیزی لائی جاسکتی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق عمومی طور موسمی صورتحال بہتر ہونے کے بعد سرحد پار سے دراندازی کے واقعات میں اضافہ ہوتا ہے اور امسال بھی اسی بات کا اندیشہ لاحق ہے کہ دراندازی کی کوششوں میں تیزی لائی جائیگی اور بقول ذرائع ٹنگڈار کے بعد نوگام سیکٹر میں دراندازی کی 2 کوششیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ سرحد پار بڑی تعداد میں جنگجو دراندازی کی تاک میں بیٹھے ہیں۔ ادھر پریس ٹرسٹ آف انڈیا نے اپنی ایک رپورٹ میں یہ انکشاف کیا ہے کہ گزشتہ 3 ماہ کے دوران شمالی اور جنوبی کشمیر کے 26 نوجوان مختلف جنگجو گروپوں میں شامل ہوگئے۔ رپورٹ میں سرکاری ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ صرف جنوبی کشمیر سے 21 نوجوان جنگجوؤں کی صفوں میں شامل ہوگئے، جن میں سے زیادہ تر نوجوان حزب المجاہدین میں شامل ہوگئے ہیں جبکہ شمالی کشمیر میں 5 نوجوان جنگجوؤں کی صفوں میں شامل ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں سیکورٹی ایجنسیوں کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ جنگجو گروپوں میں شامل ہونے والے نوجوانوں کو عسکری تربیت کیلئے سرحد پار بھیجا گیا ہے جبکہ رپورٹ کے مطابق جنوبی کشمیر بالخصوص ترال کے اوپری علاقوں اور شمالی کشمیر کے جنگلوں میں نوجوانوں کو ہتھ گولے پھینکنے اور چھوٹے ہتھیار چلانے کی تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ اس دوران نیوز رپورٹ میں سیکورٹی ایجنسیوں کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ سوپور اور شمالی کشمیر کے دوسرے علاقوں میں گزشتہ دنوں موبائل سروس پر پابندی عائد کرنے والے لشکر اسلام نامی گروپ اصل میں حزب المجاہدین کا بنایا ہوا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دراصل لشکر اسلام حزب المجاہدین کا ایک شیڈو گروپ ہے اور اس کا قیام تب عمل میں لایا گیا جب حزب المجاہدین کی طرف سے سوپور علاقہ میں 2 موبائل ٹاؤروں پر نصب کئے گئے مخصوص آلات کو سیکورٹی ایجنسیوں نے اتارا۔ اس دوران رپورٹ میں پولیس ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ وادی کے مختلف علاقوں میں موبائل سروس میں خلل ڈالنے کیلئے موبائل ٹاؤروں اور دیگر ایسی تنصیبات پر حملوں کے سلسلے میں جن نوجوانوں کو حراست میں لیا گیا، انہوں نے دوران پوچھتاچھ کچھ اہم معلومات فراہم کی ہیں اور ان معلومات کی بنیاد پر یہ بات سامنے آچکی ہے کہ دراصل لشکر اسلام کوئی نئی عسکری تنظیم نہیں بلکہ یہ حزب المجاہدین کا بنایا ہوا ایک گروپ ہے۔

102

بھانپ لیا۔ کانگریس کے ریاستی صدر نے کہا کہ پارٹی کو جموں میں شکست دینے کیلئے بی جے پی نے یہی حکمت عملی اپنائی تاہم یہ حقیقت ہے کہ کانگریس اس کے باوجود اسمبلی انتخابات میں سب سے زیادہ ووٹوں کی شرح حاصل کرنے والی جماعت کے طور پر سامنے آئی۔ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی نے پورے ملک میں صورتحال کو علاقائی اور مذہبی بنیادوں پر تقسیم کیا تاکہ وہ 2014 کے پارلیمانی انتخابات کے دوران سے سے بڑی جماعت بن کر ابھر سکے تاہم لوگوں نے اب یہ بات سمجھ لی ہے کہ بی جے پی نے ایک گم پلان کے تحت حکمت عملی ترتیب دی تھی کہ کس طرح وہ اقتدار میں آسکے۔ غلام احمد میر کا کہنا تھا کہ بی جے پی نے حصول اقتدار کیلئے جو حربے آزمائے اس سے وہ اب عوام کے سامنے بے نقاب ہوئی ہے جبکہ جموں کشمیر میں بھی ان کی ممبر شپ مہم فضول مشق ثابت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی اب لوگوں کو اپنے کھوکھلے نعروں اور جعلی ممبر شپ کی وجہ سے مزید گمراہ نہیں کرسکتی۔ اس موقعہ پر انہوں نے دونوں حکمران جماعتوں بی جے پی اور پی ڈی پی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت ہر محاذ پر ناکام ثابت ہوئی ہے جبکہ واضح کیا کہ مخلوط سرکار کو عوامی مفادات کے تحت کام کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت صرف ان پالیسیوں کو اختیار میں لاتی ہے جن سے ان کے سیاسی مفادات کی تکمیل ہوسکے۔ تاہم دونوں سیاسی جماعتیں فالج زدہ ہوکر رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران جماعتیں لوگوں کے مسائل اور ریاست کی ترقی کی طرف متوجہ ہونے کے بجائے ایسے مسائل ابھارتی ہے جن سے صورتحال پیچیدہ ہوجاتی ہے جبکہ اب لوگ ان کے اچھے دنوں اور بہتر انتظامیہ کے نعروں سے اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں۔ اس موقعہ پر کانگریس کے نائب صدر اور سابق وزیر شام لال شرما نے کہا کہ بی جے پی کے پاؤں سے اب سیاسی زمین کھسک رہی ہے کیونکہ ان کے اچھے دن کے نعرے کھوکھلے ثابت ہورہے ہیں اور وہ عوامی عدالت میں بے نقاب ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو دونوں جماعتوں کے خلاف زبردست ناراضگی ہے اور حکومت عوامی اعتماد کھو چکی ہے۔ کنونشن سے سابق وزیر اور ممبر اسمبلی بانہال وقار رسول وانی، ممبران اسمبلی گلزار احمد وانی، محمد امین بٹ کے علاوہ دیگر لوگوں نے بھی خطاب کیا۔

103

ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام لولاب کپوارہ میں اسوقت لوگوں نے نعرے بازی کرتے ہوئے زوردار احتجاج کیا جب یہاں ایک حاملہ خاتون کی موت واقعہ ہوئی۔ نمائندے کے مطابق 35 سالہ ربینہ اختر زوجہ امتیاز احمد خان ساکنہ دیور لولاب کو سنیچر کی شام 6 بجکر 30 منٹ پر یہاں علاج و معالجہ کیلئے لایا گیا۔ مذکورہ خاتون کے شوہر امتیاز احمد خان نے بتایا کہ اس کی اہلیہ کو جب درد ہوا تو انہوں نے اس کو سنیچر کی شام سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام کپوارہ میں پہنچایا جہاں 2 گھنٹے بعد مذکورہ خاتون نے ایک بچے (لڑکا) کو جنم دیا تاہم بقول امتیاز خان اسپتال میں ماہر لیڈی ڈاکٹر نہ ہونے کی وجہ سے اس کی اہلیہ کی حالت بگڑتی چلی گئی اور بالآخر رات دیر گئے وہ دم توڑ بیٹھی۔ انہوں نے کہا کہ اسپتال میں موجود ناتجربہ کار ڈاکٹروں اور نااہل نیم طبی عملہ اس کی اہلیہ کی موت کی وجہ بنا۔ امتیاز خان نے بتایا کہ اگر اسپتال میں ماہر ڈاکٹر موجود نہیں تھے تو انتظامیہ کو میری اہلیہ کپوارہ اسپتال بھیجنی چاہئے تھی لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا بلکہ ماہر امراض خواتین یا لیڈی ڈاکٹر کی عدم موجودگی کے نتیجے میں ناتجربہ کار ڈاکٹروں اور نااہل نیم طبی عملہ کے ذریعے میری اہلیہ کا آپریشن کرایا گیا اور اس کے نتیجے میں اس کی موت واقعہ ہوئی۔ امتیاز احمد خان نے بتایا کہ اس کی اہلیہ کی حالت ٹھیک ٹھاک تھی لیکن نااہل طبی عملہ اس کی موت کا باعث بنا۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے ہاں پہلے ہی 4 بچے تھے اور اب پانچواں بچہ بھی ہوا تھا اور اسپتال انتظامیہ کی لاپرواہی کے نتیجے میں 5 کمسن بچے یتیم ہوگئے۔ کے این ایس نمائندے کے مطابق خاتون کے رشتہ داروں اور دیگر لواحقین نے زوردار احتجاج کرتے ہوئے لاپرواہی کے مرتکب طبی و نیم طبی عملہ کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے یہ الزام لگایا کہ 13 اپریل کو یہاں اسی طرح سے رفیقہ نامی ایک خاتون کی موت واقعہ ہوئی تھی اور اس طرح سے 2 ماہ کے دوران سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام کپوارہ میں طبی لاپرواہی کے نتیجے میں 2 خواتین دم توڑ بیٹھیں۔ نمائندے نے بتایا کہ اسپتال میں احتجاج کی اطلاع ملتے ہی چیف میڈیکل آفیسر کپوارہ صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے یہاں پہنچے اور انہوں نے فوت شدہ خاتون کے لواحقین کو سخت کارروائی کی یقین دہانی کرائی لیکن اس یقین دہانی پر ناراض لواحقین نے تب تک خاتون کی آخری رسومات ادا نہ کرنے کا اعلان کیا جب تک انتظامیہ کی طرف سے لاپرواہی کے مرتکب ہیلتھ افسروں اور ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔ اس بارے میں جب کے این ایس نے ڈپٹی کمشنر کپوارہ راجیو رنجن کے ساتھ فون پر بات کی تو انہوں نے سب ڈسٹرکٹ اسپتال سوگام میں ایک خاتون کی موت واقعہ ہونے پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فوری طور متعلقہ بلاک میڈیکل آفیسر کی معطلی کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ اس واقعہ کی تحقیقات کیلئے چیف میڈیکل آفیسر کپوارہ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس کی رپورٹ پر مزید کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ ادھر معلوم ہوا کہ ہیلتھ افسروں و ڈاکٹروں کیخلاف کارروائی کی یقین دہانی پر لواحقین نے خاتون کی میت آبائی گاؤں دیور لولاب میں سپرد خاک کی۔

104

نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ باغبانی کے وزیر عبدالرحمان ویری کی صدارت میں 5 ویں اسٹیٹ ایگریکلچر مارکیٹنگ بورڈ کی میٹنگ کے دوران میوہ صنعت کو فروغ دینے کے حوالے سے کچھ اہم فیصلے لئے گئے۔ ترجمان کے مطابق اس میٹنگ کے دوران اس بات کو منظوری دی گئی کہ وادی اور دوسرے علاقوں سے بیرون ریاست مقامی میوؤں کی تسلی بخش انداز میں برآمدگی کو بہتر بنانے کیلئے پارمپورہ سرینگر، سوپور اور نروال جموں میں 3 بڑے کولڈ اسٹوریج تعمیر کئے جائیں گے۔ ترجمان کے مطابق یہ فیصلہ اس تناظر میں لیا گیا کہ میوہ صنعت سے جڑے مالکان باغات اور بیوپاریوں کو معقول کولڈ اسٹوریج سہولیات بہم نہ ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سرکاری ترجمان کے مطابق ان 3 کولڈ اسٹوریج کے ذریعے مختلف میوؤں کی ذخیرہ سازی کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ میوؤں کی مارکیٹنگ میں حائل رکاوٹوں کو بھی دور کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ ترجمان کے مطابق اسٹیٹ ایگریکلچر مارکیٹنگ بورڈ کی پانچویں میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ بھی لیا گیا کہ سرینگر جموں شاہراہ پر ایک بڑی فروٹ منڈی تعمیر کی جائیگی تاکہ کشمیر اور لداخ میں پیدا ہونے والے خشک میوؤں کے ساتھ ساتھ زعفران کی بہتر مارکیٹنگ کو بھی ممکن بنایا جاسکے۔ ترجمان نے بتایا کہ وزیر برائے باغبانی عبدالرحمان ویری کی زیر صدارت میٹنگ میں یہ فیصلہ بھی لیا گیا کہ پارمپورہ، سوپور اور جبلی پورہ نروال میں پہلے ہی قائم فروٹ منڈیوں میں میوؤں کی پیکنگ یعنی ڈبہ بندی اور گریڈنگ کیلئے خصوصی سینٹر تعمیر کئے جائیں گے اور اس مقصد کیلئے بہت جلد درکار رقومات کو واگزار کیا جائیگا۔ ترجمان نے بتایا کہ میوؤں اور زعفران کی مارکیٹنگ میں بہتری لانے کیلئے لکھن پور اور مغل روڑ پر ہارٹی کلچر پرڈوس اینڈ مارکیٹنگ کے دفاتر قائم کئے جائیں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ ان دفاتر کے ذریعے اس بات کا پتہ لگانے کی کوشش کی جائیگی کہ ریاست بالخصوص وادی سے کتنی مقدار میں میوے اور سبزیاں برآمد ہوا کرتی ہیں اور کتنی مقدار میں میوے اور سبزیاں بیرون ریاستوں سے برآمد کی جاتی ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ راشن، سبزیوں اور میوؤں کی درآمد اور برآمد کے بارے میں پختہ جانکاری رکھنے کیلئے لکھن پور اور مغل روڑ پر قائم کئے جانے والے دفاتر میں تمام ضروری سہولیات بہم رکھی جائیں گی۔ کے این ایس کے مطابق اسٹیٹ ایگریکلچر مارکیٹنگ بورڈ کی اہم میٹنگ کے دوران سرینگر میں راج باغ کے مقام پر ایک کسان گھر تعمیر کرنے کے ساتھ ساتھ پارمپورہ ٹرمینل مارکیٹ میں ایک گیسٹ ہاؤس تعمیر کرنے کو بھی منظوری دی گئی۔ یہ بھی فیصلہ لیا گیا کہ سوپور، پارمپورہ اور نروال جموں میں قائم منڈیوں میں تشریحی مراکز اور پلازا اطرز کے گیٹ بنائے جائیں گے۔ اس دوران یہ فیصلہ بھی لیا گیا کہ اشاجی پورہ اننت ناگ میں قائم فروٹ منڈی کو بوٹنگو منتقل کیا جائیگا۔ میٹنگ میں اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ نروال فروٹ منڈی کو توسیع دینے کیلئے محکمہ جنگلات سے جنگلات اراضی کے حصول کو کیسے ممکن بنایا جائے اور اس کے علاوہ فروٹ منڈی کپوارہ میں فروٹ شاپ سائٹس کا سائز یا حجم بڑھانے کو بھی منظوری دی گئی۔ اس دوران یہ بھی فیصلہ لیا گیا کہ فروٹ منڈی سوپور میں جے کے ایچ پی ایم سی کی زمین ایچ پی ایم کو منتقل کی جائیگی تاکہ شمالی کشمیر میں قائم اس فروٹ منڈی کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ساتھ ساتھ یہاں مالکان باغات اور میوہ صنعت سے جڑے بیوپاریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔ اُدھر میوہ صنعت سے جڑے لوگوں نے سرکار کے فیصلوں اور اقدامات کی سراہنا کرتے ہوئے اسبات پر زور دیا کہ باغاتی، زرعی اور زعفرانی اراضی کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے موجودہ قوانین کو مزید سخت بنایا جائے۔ میوہ صنعت سے جڑے بیوپاریوں اور مالکان باغات کی تنظیم آل کشمیر فروٹ گروؤرس ایسوسی ایشن کے ایک ذمہ دار نے بتایا کہ ریاست کیلئے سیاحت کے بعد میوہ صنعت آمدن کا سب سے بڑا ذریعہ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 1990 میں پیدا ہوئی نامساعد صورتحال کے باوجود میوہ بیوپاریوں اور مالکان باغات نے میوہ صنعت کو زندہ رکھا اور تمام تر مشکلات کے باوجود وہ اپنے اور ریاست کیلئے آمدن کا وسیلہ بنے رہے تاہم آل کشمیر فروٹ گروؤرس ایسوسی ایشن کے ذمہ دار نے اس بات پر سخت تشویش کا اظہار کیا کہ حالیہ 2 دہائیوں کے دوران کشمیر وادی میں زرعی اراضی کے ساتھ ساتھ باغاتی زمین اور زعفران اراضی پر بھی بے ہنگم انداز میں رہائشی بستیاں، تجارتی مراکز اور کارخانے وغیرہ قائم کئے گئے ہیں، جس وجہ سے زرعی و زعفرانی پیداوار کے ساتھ ساتھ میوہ پیداوار میں بھی کمی واقعہ ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ زرعی، زعفرانی اور باغاتی اراضی کے نزدیک رہائشی بستیاں، کارخانے، پٹرول پمپ اور مختلف قسم کی صنعتیں ہونے کی وجہ سے پیداوار کی مقدار اور معیار پر بھی منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں، اس لئے موجودہ سرکار کو یہ بات یقینی بنانا چاہئے کہ زرعی، زعفرانی اور باغاتی اراضی کو کسی بھی صورت میں رہائشی یا تجارتی و کاروباری مقاصد کیلئے استعمال میں نہ لایا جائے۔ انہوں نے مانگ کی کہ باغاتی، زرعی اور زعفرانی اراضی کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے موجودہ قوانین کو مزید سخت بنایا جائے۔

105

سری کلچر کی جانب سے فارم اور سری کلچر وارم سیڈ سٹیشن میں جاری متعدد ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ شہتوت کی نرسری کا معائینہ کرتے ہوئے وزیر موصوف کو بتایا گیا کہ راشٹریہ کرشی وکاس یوجنا (آر کے وی وائی) کے تحت بنائی گئی پولی گرین ہاوس اور نئی تکنیک کے متعارف سے معیاری شہتوت کے پودے تیار کئے جائیں گے جس میں دو سال کے اندر نئی قسم کے پودے تیار ہوجائیں گے۔ وزیر موصوف نے متعلقہ افسران کو معیاری اور کثیر پیداوار والے شہتوت کے پودوں کی پیداوار کو بڑھانے اور ان کو ککون پیدا کرنے والے کسانوں میں تقسیم کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ وہ ابریشم کے کیڑوں کے لئے شہتوت کے زیادہ سے زیادہ پتے جمع رکھ سکیں۔ وزیر موصوف نے ابریشم کیڑوں کی غذا پیدا کرنے والے فید پروڈکشن یونٹ کا بھی معائینہ کیا۔ محکمہ کے انتظامیہ سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وادی کشمیر میں معیاری ابریشم کے کیڑے پیدا کرنے کے لئے موسم ساز گار ہے۔ انہوں نے متعلقین سے ریشم کے کیڑوں کی پیداوار بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ریاست میں اس کی ضرورت کو پورا کیا جاسکے۔ اس سے قبل وزیر موصوف نے ریشم کے کیڑے پالنے کے لئے مکان بنانے کے لئے 15 مستفیدین میں 3 لاکھ روپے کی مالی امداد کے طور تقسیم کئے۔ بعد میں وزیر موصوف نے سکاسٹ میں ٹمپریچر سری کلچر ریسرچ انسٹی چیوٹ (ٹی ایس آر آئی) کا دورہ کیا۔ وہاں پر انہوں نے سائنسدانوں کے ساتھ وادی میں ابریشم کی پیداوار کے لئے جدید ٹیکنالوجی کی دستیابی کے متعلق گفت شنید کی۔ ٹمپریچر سری کلچر ریسرچ انسٹی چیوٹ کے سربراہ ڈاکٹر ایم اے ملک نے انسٹی چیوٹ کی کارکردگی کے متعلق جانکاری دی۔ ڈائریکٹر سری کلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ملک فاروق کے علاوہ محکمہ کے دیگر افسران بھی دورے کے دوران وزیر موصوف کے ہمراہ تھے۔

106

آرگنائزیشن اور سی آئی ڈی محکمہ کو مفصل رپورٹ تیار کرنے کے بارے میں آگاہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے ویجی لنس اور سی آئی ڈی محکمہ کو رشوت خوری میں ملوث آفیسروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے سخت نوعیت کے کیس درج کرنے کے سلسلے میں آگاہ کیا ہے اور تحقیقاتی ایجنسیوں نے پہلے مرحلے کے تحت 80 کے قریب آفیسروں کی لسٹ حکومت کو ارسال کی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے سی آئی ڈی محکمہ کو راشی آفیسروں کے خلاف سخت نوعیت کے کیس درج کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سخت نوعیت کے کیس درج کرنے سے ہی رشوت خور آفیسروں کو سلاخوں کے پیچھے دھکیلنے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ کے مطابق تحقیقاتی ایجنسیوں نے پہلے مرحلے کے تحت 80 کے قریب راشی آفیسروں کے بارے میں مکمل تفصیلات حاصل کیں ہیں اور اس ضمن میں ریاستی حکومت کو بھی آگاہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق تحقیقاتی ایجنسیوں کی جانب سے 80 کے قریب راشی آفیسروں کی لسٹ ثبوتوں کے ساتھ فراہم کرنے کے بعد ریاست کے وزیر اعلیٰ مفتی محمد سعید نے چیف سیکریٹری اقبال کھانڈے کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے اور انہیں فائنل رپورٹ تیار کرنے کے احکامات صادر کئے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سینئر ملوث بیروکریٹوں کے خلاف کاروائی عمل میں لانے کیلئے ریاستی حکومت نے لاء ڈپارٹمنٹ کو بھی آگاہ کیا ہے تاکہ ایسے افراد کے خلاف کاروائی عمل میں لانے کی راہ ہموار ہوسکے۔ ذرائع کے مطابق چیف سیکریٹری کی سربراہی میں کمیٹی نے سٹیٹ ویجی لنس کمیشن کو ملوث راشی آفیسروں کے کیسوں کے بارے میں رپورٹ پیش کرنے کے بارے میں آگاہ کیا ہے۔ معلوام ہوا ہے کہ ریاستی حکومت نے رشوت خوری میں ملوث آفیسروں کے خلاف کاروائی عمل میں لانے کا فیصلہ کیا ہے اور آنے والے مہینوں کے اندر اندر سینئر آفیسروں کو سلاخوں کے پیچھے دھکیلنے کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں میں رشوت خوری کی وبا کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے ضمن میں ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں ویجی لنس کمیشن، سٹیٹ ویجی لنس آرگنائزیشن اور سی آئی ڈی محکمہ کو متحرک کردیا گیا ہے۔ ذرائع نے اس بات کا بھی انکشاف کیا کہ ریاست کے وزیر اعلیٰ مفتی محمد سعید نے چیف سیکریٹری کی سربراہی میں کمیٹی کو رشوت خوروں کے خلاف جنگ شروع کرنے کے ضمن میں آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ رشوت خوری کے ناسور کو راتوں رات حل نہیں کیا جاسکتا تاہم ملوث 80 آفیسروں کے خلاف کاروائی عمل میں لانے کے بعد ریاست میں رشوت خوری پر کسی حد تک قابو پایا جاسکتا ہے۔

PRINTER:WASEEM RAJA,PUBLISHER:WASEEM RAJA,OWNER:WASEEM RAJA,EDITOR:WASEEM RAJA,PRINTED AT:KHIDMAT OFFEST,THE BUND SRINAGAR.PUBLISHED FROM:-Maisuma Bazar, Gaw Kadal Srinagar. TITLE CODE:JKBIL00305. Cell:-+91-9419001884,+91-8494001884

ولایت ٹائمز

زندگی میں بچوں کی اہمیت

ہمیں اپنی اولاد سے محبت ہے، محبت ہونی بھی چاہیئے۔ ہماری اولاد ہماری آنکھ کا نور دل کا سرور ہوتی ہے یقیناً ایسا ہی ہونا چاہیئے۔ بچے نہ ہوں تو زندگی بے کیف، بے سود نظر آتی ہے۔ کمانا بے فائدہ دکھائی دیتا ہے۔ انسان اپنی زندگی میں ادھورا پن اور کمی محسوس کرتا ہے۔ خود کو بے دست و پا، بے سہارا اور بے یار و مددگار سمجھتا ہے۔ اولاد نہ ہو تو اولاد ہونے کے لئے آدمی کیا کیا پاپڑ نہیں بیلتا۔ ڈاکٹروں کے پاس جاتا ہے، بزرگوں سے دعا تعویذ اور جھاڑ پھونک غرض ہر در تک پہنچ جاتا ہے۔ اولاد ہونے پر اولاد کے مستقبل کو سنوارنے کے لئے دوڑ دھوپ شروع ہوتی ہے۔ بچوں کا مستقبل کیا ہوگا اس سے بہت پہلے سوچنے کی اشد ضرورت ہے۔ بچوں کی تعلیم و تربیت ایسی ہونی چاہیئے جس سے آئندہ زندگی صحیح لائن پر مرکوز رہے۔ خلیفہ دوم حضرت فاروق اعظم سے دریافت کیا گیا اولاد کا باپ پر کیا حق ہے؟ فرمایا اولاد کا پہلا حق شادی سے پہلے اس کے لئے بہترین ماں کا انتخاب کرنا ہے۔ بہترین ماں کونہ ہے؟ حضور ﷺ کی مجلس میں بات چلی کہ دنیا کی عورتوں میں بہترین عورت کون سی ہے۔ کسی نے کوئی ایک صفت بتائی اور کسی نے کوئی دوسری صفت بتائی۔ خیر والی بات ہوتی رہی۔ حضرت علی کسی کام سے گھر تشریف لے گئے۔ حضرت فاطمہ کو بتایا کہ حضور ﷺ کی محفل میں یہ تذکرہ ہو رہا ہے کہ دنیا کی بہترین عورت کون سی ہے؟ حضرت فاطمہ نے فرمایا میں بتاؤں گی کہ دنیا کی سب سے بہترین عورت کون سی ہے۔ فرمایا ہاں بتائیے۔ فرمایا دنیا کی سب سے بہترین عورت وہ ہے جو نہ خود کسی غیر مرد کی طرف دیکھے نہ کوئی غیر مرد اس کی طرف دیکھ سکے۔ حضرت علی مجلس میں واپس تشریف لائے اور حضور ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ میری اہلیہ نے دنیا کی بہترین عورت کی پہچان بتائی جو نہ کسی غیر محرم کو دیکھے نہ ہی کوئی غیر محرم اسے دیکھ سکے۔ حضور ﷺ نے فرمایا فاطمہ میری جگر کا ٹکڑا ہے۔ اہل اللہ نے لکھا ہے اچھی بیوی میں چار صفات ضروری ہونی چاہیئے۔ پہلی صفت:-اس کے چہرے پر حیا ہو جس عورت کے چہرے پر حیا ہو اس کا دل بھی حیا سے لبریز ہوگا۔ حضرت ابوبکر فرماتے ہیں مردوں میں بھی حیا بہتر ہے مگر عورت میں بہترین۔ دوسری صفت:-زبان میں شرینی ہو۔ بدزبان عورت اپنے شوہر کو قبر تک پہنچانے کے لئے گھوڑے کی باگ کا کام کرتی ہے جس کی بیوی بدزبان ہو اس کو ساری زندگی سکون نہیں مل سکتا۔ عورت کو کہا گیا اپنی زبان میں مٹھاس پیدا کرو جہاں کسی غیر مرد سے بات کرنی ہو تو سختی سے بات کرو۔ تیسری صفت:-اس کے دل میں نیکی ہو یعنی یہ نیکی کرنے والی ہو۔ چوتھی صفت:-اس کے ہاتھ کام کاج میں مصروف ہوں۔ اس طرح اسلام نے اچھے شوہر کے صفات کا بھی تذکرہ کیا کہ اس میں تحمل مزاجی ہو۔ وہ گھر کی ذمہ داریوں کو نبھانے والا ہو۔ اچھی بیوی کا انتخاب کے بعد جب شادی ہو، پھر انشاء اللہ بچہ پیدا ہو تو اب بچے کی تربیت شروع ہوگی۔ سب سے پہلے بچہ پیدا ہوتے ہی اس کے کان میں اذان اور اقامت کہی جائے۔ اس کے بعد دودھ پلانے سے پہلے اس کو تحنیک کرو۔ بچے کو کسی بزرگ کے پاس لے جاؤ وہ اس کی تحنیک کرے گا۔ حضور ﷺ کے دور میں جب کوئی بچہ پیدا ہوتا تو فوراً حضور ﷺ کے پاس لے جاتے حضور ﷺ اس کی تحنیک کرتے اور برکت کی دعا بھی کرتے۔ تحنیک کرنے سے بچہ بیماریوں سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ۔ پھر جب بچہ سات دن کا ہوگا، بال کاٹو، نام رکھو اور عقیقہ کرو۔ حضور ﷺ نے فرمایا بہترین نام رکھو آج جب ہمارے پاس لوگ آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے بچے کا نام ایسا کرو جو کسی کا نہ ہو۔ حالانکہ بہترین نام انبیاء کے ہیں، صحابہ کے ہیں، پھر عقیقہ کرو، عقیقہ کے لئے اگر گنجائش ہے تو لڑکے کے پیدا ہونے پر دو بھیڑ اور لڑکی کے پیدا ہونے پر ایک بھیڑ۔ حضور ﷺ نے فرمایا بچہ اپنے عقیقہ میں بند ہوتا ہے۔ اگر تم نے عقیقہ کیا تو بچہ بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

اضافی فورسز کی کمک عنقریب وادی وارد ہوگی

2 جولائی سے شروع ہونی والی سالانہ یاترا کیلئے ایک ہفتے میں فورسز کی تعیناتی کا کام مکمل ہونے کا امکان



سرینگر// کے این ایس//
مرکز کی طرف اضافی فورسز کی کمک وادی پہنچنے کے ساتھ ہی 15 جون سے امرناتھ یاترا کیلئے پہلگام اور سونہ مرگ راستوں پر فوج، پولیس اور نیم فوجی دستوں کو تعینات کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ 2 جولائی سے شروع ہونی والی سالانہ یاترا کیلئے ایک ہفتے میں فورسز کی تعیناتی کا کام مکمل ہونے کا امکان ہے۔ ادھر پہلگام ڈیولپمنٹ اتھارٹی چندن واڑی س گھپا تک راستوں کو قابل آمدرفت بنانے کیلئے برف ہٹانے کے کام میں لگی ہے تاہم نامسائد موسمی حالات سے کام کی رفتار سست ہوگئی ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق وادی میں 5 جولائی سے شروع ہونے والی سالانہ امرناتھ یاتر کیلئے ریاستی حکومت نے لنگر کنگھوٹے کس لئے ہیں جبکہ ہاترا کو احسن طریقے سے انجام دین کیلئے بڑے پیمانے پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اس دوران ذرائع کا کہنا ہے کہ امرناتھ گھپا تک جانے والے دونوں راستوں پہلگام اور بالہ تل پر 15 جون سے فورسز کی تعیناتیکا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مرکز کی طرف سے اضافی فورسز کی کمی وادی پہنچنے کے ساتھ ہی دونوں روایتی راستوں پر فورسز، پولیس اور فوج کو تعینات کیا جائے گا جبکہ سیکورٹی دستوں کو مکمل طور پر تعینات کرنے میں 5 دن درکار ہونگے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فوج کو امرناتھ گھپا کی پہاڑیوں پر تعینات کیا جائے گا جبکہ فورسز دستوں اور پولیس اہلکاروں کو پہلگام و بالہ تل راستوں کے علاوہ سرینگر جموں اور پٹھانکوٹ مادو پور شاہرہ پر تعینات کئے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق بالہ تل راستہ چونکہ چندن واڑی راستے سے چھوٹا ہے اس کئے ممکنہ طور پر پہلے پہلگام سے گھپا تک جانے والے راستے پر ہی فورسز اور پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا جائے گا۔ اس دوران انتظامیہ نے وقت پر یاترا کو شروع کرنے کے حوالے سے جنگی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے ہیں جبکہ سرکاری طور پر یاترا شروع ہونے سے قبل یاتریوں کی گھپا کی جانب پیش قدمی کو روکنے کیلئے بھی موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس نے اس سلسلے میں خصوصی ناکے بھی لگائے ہیں جبکہ فورسز دونوں راستوں پر یاترا ہونے سے قبل انکی باریک بینی سے جانچ کرے گی۔ ادھر راستوں کو یاترا کیلئے قابل آمدرفت بنانے کیلئے بڑے پیمانے پر کام جاری ہے۔ سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ گھپا تک راستوں سے بڑف ہٹانے کا کام میں مزید کچھ وقت درکار ہوگا کیونکہ گھپا کے پہاڈوں پر حالیہ برف بھاری کی وجہ سے برف ہٹانے کے آپریشن سست پر گیا ہے تاہم اس بات کو واضح کیا گیا کہ یاترا شروع ہونے سے قبل راستوں کو قابل آمدرفت بنایا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پہلگام ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے پہلگام سے چندواڑی تک راست کو صاف کیا ہے جبکہ راستے کو گھپا تک برف سے صاف کرنے کا آپریشن جاری ہے۔

جنگلات اہلکاروں اور مقامی لوگوں کے درمیان تصادم

سرینگر// اے پی آئی//
چک ریشی چکورہ بانڈی پورہ کے علاقے میں اُس وقت محکمہ جنگلات اور مقامی لوگوں کے مابین ہاتھ آپائی ہوئی جب علاقے کے لوگوں نے محکمہ جنگلات کی اراضی کی تاربندی کر کے اُس میں سکول تعمیر کرنے کیلئے کارروائی عمل میں لائی۔ ہاتھ آپائی کے دوران محکمہ جنگلات کے دو رینج آفیسروں کا زدکوب کیا گیا۔ جنگلات کے وزیر مملکت نے معاملے کی سنجیدگی کا احساس کرتے ہوئے۔ حملہ آوروں کے خلاف کیس درج کرنے کے احکامات صادر کئے تاہم چیف کنزرویٹر اور ڈی ایف او بانڈی پورہ کے مطابق کئی حملہ آوروں کے خلاف ایف آئی آر درج کیا گیا ہے اور جلد ہی انہیں سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا جائے گا۔ اے پی آئی کے مطابق بانڈی پورہ کے مضافاتی علاقے چکورہ چک ریشی پورہ میں مقامی لوگوں نے سرکاری سکول تعمیر کرنے کی غرض سے محکمہ جنگلات کی اراضی کو ہل شیری کر کے اپنے قبضے میں لیکر تاربندی کی اور ایک شیڈ تعمیر کیا اس دوران محکمہ جنگلات کے کنٹرول روم کے رینج آفیسر محمد مقبول اور کھیو ہامہ رینج آفیسر عبدالمجید لون کی سربراہی میں محکمہ کی ایک ٹیم جائے موقعے پر پہنچ گئی اور جنگلاتی اراضی کے ارد گرد کانٹے دار تار کو اُکھاڑنے کی کوشش کی تاہم مقامی لوگوں نے محکمہ جنگلات کی پارٹی پر دعویٰ بھول دیا اور انہیں زدکوب کرنے کی کوشش کی مقامی لوگوں کے مطابق علاقے میں سرکاری سکول تعمیر کرنے کیلئے اراضی نہیں ہے اور جس جگہ تاربندی کی گئی وہ کاہ چرا ہی ہے تاہم متعلقہ محکمہ اراضی پر زبردستی اپنا حق جتلا رہے ہیں مقامی لوگوں کے مطابق انہیں۔ ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ ڈاکٹر شاہ فیصل نے انہیں اراضی اپنی تحویل میں لینے اور سکول تعمیر کرنے کی اجازت دی ہے تاہم اے پی آئی نے جب ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ کے ساتھ رابطہ کیا تو انہوں نے مقامی لوگوں کے دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اس بارے میں کوئی علمیت نہیں ہے اور نا ہی انہوں نے کسی کو جنگلاتی اراضی پر سکول تعمیر کرنے کی اجازت دی ہے۔

امت مسلمہ کے انحطاط کا ذمہ دار انتشار اور افتراق/ صدر جمعیت اہلحدیث

سرینگر// جمعیت اہلحدیث صدر مولانا غلام محمد بٹ المدنی نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر آپسی انتشار و افتراق ہی ہر شعبۂ زندگی میں ہمارے زوال و انحطاط کا ذمہ دار ہے اور بھانت بھانت کی بولیوں اور مختلف النوع ٹولیوں میں اس اُمت کی تقسیم در تقسیم کرنے کے عمل نے اس کی بنیادوں کو ہلا کے رکھ دیا ہے۔ جمعیۃ اہلحدیث ضلع سرینگر کے حلقہ جات کے صدور اور زعماء کا ایک اجلاس 3 جون 2015 کو جمعیۃ منزل بربرشاہ پر غلام محمد بٹ المدنی کی صدارت میں منعقد ہوا اور شرکاء نے مختلف مسائل کو اُجاگر کرتے ہوئے کئی کارآمد تجاویز بھی دیں اور تنظیمی معاملات پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ مولانا غلام محمد بٹ نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ 'ہم وحدت فکر و عمل کے سانچے میں ڈھل جائیں اور عظمت گم گشتہ کے حصول کے کام میں جٹ جائیں'۔ مولانا بٹ نے کہا کہ برمی مسلمانوں کا قتل عام دن کے پورے اُجالے میں ہو رہا ہے اور اُن کا کوئی پرسان حال نہیں اور بالخصوص مسلم دنیا کی مجرمانہ غفلت اور خاموشی پریشان کن ہے۔ مولانا بٹ نے تاجر، دکانداروں اور بیوپاریوں سے رمضان کے دوران ہر چیز مناسب قیمت پر وافر مقدار میں میسر رکھنے کی اپیل کرتے ہوئے اُنہیں ذخیرہ اندوزی سے اجتناب کرنے کی تلقین کی۔

صالح معاشرہ تعمیر کرنے کیلئے اپنے نفس کو خواہشات سے پاک کرنا لازمی/ امیر جماعت اسلامی

سرینگر// جماعت اسلامی جموں و کشمیر کے امیر محمد عبداللہ وانی نے سرینگر کے سالانہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سورہ الحجرات کی آیات کی روشنی میں درس قرآن پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اصلاح معاشرے کے لیے قرآن مجید میں واضح ہدایات نازل کیے ہیں۔ معاشرے کو بگاڑنے میں چغل خوری، غیبت، تجسس، ایک دوسرے کی عیب اُچھالنا اور دوسروں کے معاملات میں بے جا دخل اندازی کرنے کا اہم رول ہوتا ہے اس لیے قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ مومنین کو ان بیماریوں سے باز رہنے کے لیے واضح حکم دیتا ہے۔ محمد عبداللہ وانی نے کہا کہ ایک صالح معاشرہ تعمیر کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ہم چغل خوری، غیبت اور عیب جوئی سے باز رہیں۔ اپنے معاشرے میں حسن ظن پیدا کرنے سے ہی اسلامی معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے۔ بصورت دیگر اُمت مسلمہ اپنی دینی بنیادوں سے دور ہوتی جائے گی اور مسلمان صرف نام کے رہ جائیں گے۔ امیر جماعت نے کہا کہ ہمیں اپنے معاشرے میں دوسرے مسلمانوں کے بارے میں حسن ظن سے کام لینا چاہیے اور اُن کے ساتھ دینی بنیادوں پر تعلقات قائم کر لینے چاہئے۔ اپنے خطاب عام میں قیم جماعت اسلامی ڈاکٹر عبدالحمید فیاض نے جماعت اسلامی جموں و کشمیر کی پالیسی بیان کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کا مختلف ایشوز کے حوالے سے واضح اور دوٹوک مؤقف ہے اور ہم باتوں میں یقین کر لینے کے بجائے عملی زندگی میں تبدیلی کے خواہاں ہیں۔ ضلع سرینگر کا سالانہ اجتماع شہر سرینگر کے قلب واقع سپورٹس گراونڈ بابا ڈیمب میں منعقد ہوا۔ اجتماع میں ضلع سرینگر سے تعلق رکھنے والے ہزاروں لوگوں نے شرکت کی اور کئی شخصیات نے شرکت کی۔

اسلامی اور مسلم شناخت کو ہر صورت میں قائم رکھنا لازمی/ محمد اشرف صحرائی

سرینگر/ محمد اشرف صحرائی نے 'اسلام، آزادی اور اتحاد ملّت کو بنیادی اہداف' قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تحریک حریت کا بلا واقومیت، وطنیت، سیکولرازم، سوشل ازم یا شخص پرستی کی طرف نہیں ہے۔ موصولہ بیان کے مطابق تحریک حریت جموں کشمیر ضلع بارہ مولہ کے اراکین و امیدواران رُکنیت کا تربیتی اجتماع جامع مسجد سوپور میں منعقد ہوا۔ اجتماع کی صدارت تحریک حریت کے جنرل سیکریٹری محمد اشرف صحرائی نے کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں تحریک حریت کے اراکین پر واضح کر دیا کہ تحریک حریت اسلام کی سربلندی اور بھارت کی غلامی سے آزادی حاصل کرنے کی جدوجہد کر رہی ہے اور اسلام، آزادی اور اتحاد ملّت ہمارے بنیادی اہداف ہیں۔ ان بنیادی اہداف سے کسی بھی صورت میں انحراف نہیں کیا جا سکتا ہے اور مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمیں اپنی اسلامی اور مسلم شناخت کو ہر حال میں قائم و دائم رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام الناس کو بھی اسی نصب العین اور مقصد کی طرف بلا رہے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم اور تعلیمات کے عین مطابق ہو۔ انہوں نے کہا کہ تحریک حریت قومیت، وطنیت، سیکولرازم، سوشل ازم یا شخصیات کی طرف نہیں بلا رہی ہے، بلکہ ہماری دعوت اللہ اور اس کے آخری رسول نبی آخرالزمان ﷺ کی اطاعت اور پیروی کی طرف ہے۔ اسی اطاعت میں ہماری دنیا اور آخرت کی کامیابی اور سرخروئی کی ضمانت ہے اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا راستہ ہی نجات کا راستہ ہے۔ اس کے بغیر جو بھی راستہ یا طریقہ اختیار کیا جائے گا وہ باطل ہے اور گمراہی کا راستہ ہے۔

PRINTER:WASEEM RAJA,PUBLISHER:WASEEM RAJA,OWNER:WASEEM RAJA,EDITOR:WASEEM RAJA,PRINTED AT:KHIDMAT OFFEST,THE BUND SRINAGAR.PUBLISHED FROM:-Maisuma Bazar, Gaw Kadal Srinagar. TITLE CODE:JKBIL00305. Cell:-+91-9419001884,+91-8494001884

اسلامی مقاومت دو محاذوں پر نبرد آزما اور پہلے سے زیادہ طاقتور

نیوز نور: لبنان میں آزادی اور مقاومت کی عید ہر سال ۵۲ مئی کے دن لوگوں کے دل و دماغ میں ایک ناقابل فراموش واقعے کے طور پر نقش ہو چکی ہے، یہ وہ دن ہے کہ جب صہیونی حکومت کو ذلیل کر کے لبنان کے جنوب سے بھگایا گیا تھا۔ عالمی اردو خبر رساں ادارے نیوز نور کی رپورٹ کے مطابق لبنان کی پارلیمنٹ کے منبر "حسن فضل اللہ" کا کہنا ہے کہ جب بہت ساروں نے جنوب لبنان کے دیہاتوں کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری کو پس پشت ڈال دیا تو وہاں کے متحرک اور مجاہد تنظیموں نے عوامی مقاومت تحریک کی تشکیل کا بیڑا اٹھایا اور یہ کام ساٹھ اور ستر کی دہائی کے آغاز میں ہوا تھا اور "امام موسی صدر" نے ان تنظیموں کو سال ۲۸۹۱ عیسوی میں منظّم کیا تھا اس کے بعد اسلامی مقاومتی تحریک شروع ہو گئی کہ ابتدا میں اس اقدام کو بہت سارے لوگ جنون آمیز کہتے تھے اور آج بھی وہ شام اور لبنان کے محاذ پر تکفیریوں کے خلاف ہماری جنگ کو جنون آمیز بتا رہے ہیں، لیکن ان تکفیریوں کو چھوڑ دینا کہ وہ ہمارے علاقوں اور ہماری سرحدوں پر قابض ہو جائیں اور قومی ذمہ داری نبھانے سے پہلو تہی کرنا جنون اور دیوانگی ہے۔

قدس کے غاصبوں کے خلاف کامیابی کیسے ہوئی اس پر ایک طائرانہ نگاہ: جنوب لبنان کی آزادی کی کاروائی ۱۲ مئی سال ۰۰۰۲ میں شروع ہوئی، اس طرح کہ "آنتوان لحد" کے نیم فوجیوں کی دو بٹالینز کہ جو صہیونی حکومت کے مزدور تھے لبنان کے وسطی علاقے میں ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو گئے اور اس کے بعد "حزب اللہ" کی قیادت میں مقاومت کی تنظیموں نے عوام کی حمایت سے صہیونی حکومت کے شدید حملوں کے باوجود اپنے علاقوں اور دیہاتوں کو آزاد کروالیا۔ جنوب لبنان کو آزاد کروانے کی کا آغاز شہر "غندوریہ" سے "القنطرہ" کی جانب کیا گیا، اس طرح کہ لبنانی کہ جو تقریبا ۲۰۰ افراد تھے، مقاومت کی وفاداری کی فریکشن کے دو رکن جو لبنان کی پارلیمنٹ میں تھے، جن کے نام "عبداللہ قصیر" اور "نزیہ منصور" تھے وہ آگے آگے تھے، یہ لوگ سال ۸۷۹۱ سے اب تک پہلی بار ان علاقوں میں داخل ہوئے تھے، یہ ایسی حالت میں ہوا کہ جب "آنتوان لحد" کے مزدور نیم فوجی اپنے ٹھکانے چھوڑ کر بھاگ گئے تھے، جس سے مقاومت کے افراد اور عوام کا ان کے علاقوں یعنی، "الطیبہ"، "دیر سریان"، "علمان" اور "عدشیت" کی جانب واپسی کا راستہ ہموار ہو گیا۔ **22** مئی کے دن "حولا"، "مرکبا"، "بلیدا بنی ھیان"، "طلوسہ"، "العدسیہ"، "بیت یاحون"، "کونین"، "رضاف"، اور "رب ثلاثین"، نام کے دیہات، اور اسی سال ۳۲ مئی کے دن "بنت جبیل"، "عینا ثا"، "یارون"، "الطبری" نام کے شہر اور اطراف کے دیگر دیہات آزاد ہو گئے۔ اسی روز عوام اور مقاومت کے جنگجوؤں نے "الخیام" جیل خانے پر حملہ کیا اور اس کے دروازوں کو کھول دیا اور غاصبوں اور ان کے مزدوروں کے بھاگ جانے کے بعد قیدیوں کو آزاد کروالیا۔ ۴۲ مئی ۰۰۰۲ کے دن مقاومت کی فوجوں اور عوام نے "حاصبیا" اور "مغربی بقاع" کے دیہاتوں اور شہروں کی جانب پیش قدمی کی، اور ۴۲ مئی ۰۰۰۲ کی شام کو صہیونیوں کا آخری فوجی بھی جنوب اور مغربی بقاع کے علاقے سے فرار کر گیا یہاں تک کہ ۵۲ مئی ۰۰۰۲ کو سرکاری طور پر مقاومت اور آزادی کی عید کا لبنان کے اس وقت کے وزیر اعظم "سلیم الحص" کی زبانی اعلان کیا گیا۔ صہیونی حکومت نیعلاقے کی ملتوں کے خلاف مبینہ سازش کے سائے میں کہ جو امریکہ اور دیگر مغربی ملکوں کی حمایت سے بہرہ مند تھی، اور بعض عرب ملکوں کی کمزوری اور یہاں تک کہ خیانت کے سائے میں ۸۷۹۱ میں جنوبی لبنان پر قبضہ کیا تھا اس کے بعد اس نے "سعد حداد" اور "آنتوان لحد" کی سرکردگی میں نیم فوجی دستے تشکیل دیے تھے، ۲۸۹۱ عیسوی میں صہیونی حکومت کی فوج بیروت تک آگے بڑھ گئی تھی، لیکن پھر پسپا ہو گئی مگر لبنان کے جنوب میں اس نے ڈیرہ ڈال دیا اور اس پر اپنا قبضہ جاری رکھا یہاں تک کہ ۵۲ مئی ۰۰۰۲ کے دن مقاومت کے جنگجوؤں نے علاقے کو صہیونی حکومت کے فوجیوں اور مزدوروں کے ناپاک وجود سے پاک کر دیا جنوب لبنان سے صہیونی حکومت کے فوجیوں کے ذلت آمیز فرار کی خبر اس زمانے کے وزیر اعظم "ایھود باراک" نے اپنی زبانی نشر کی۔

اسرائیل کے غاصبانہ قبضے کی جزئیات اور مقاومت کی عظیم کامیابی: صہیونی حکومت نے سال ۸۷۹۱ عیسوی میں لبنان پر حملہ کیا کہ جس کو چند مرحلوں میں انجام دیا گیا، حملے کے پہلے مرحلے میں صہیونی حکومت نے، لبنان کے شمال میں لبنان اور مقبوضہ فلسطین کی سرحد سے لے کر طرابلس تک کے علاقے پر کہ جس میں لبنان اور اس ملک کے پایتخت بیروت کے پہاڑ بھی تھے قبضہ کر لیا لیکن مقاومت کے زبردست حملوں کے دباو میں آ کر زیادہ تر علاقوں سے وہ فوراہی پیچھے ہٹ گئے ان علاقوں سے مقاومت کے افراد کی پایداری کی وجہ سے وہ بھاگنے پر مجبور ہوئے تھے۔

صہیونی فوجیوں اور ان کے مزدوروں کے بھاگنے کی وجوہات: لبنان کی اسلامی اور قومی مقاومت کہ جس میں سرفہرست حزب اللہ ہے نے قابض فوجوں کو مار بھگانے میں ناقابل انکار کردار ادا کیا، مقاومت کو لبنان کی حکومت کی بھرپور حمایت اور ایران کی مدد حاصل تھی سال ۰۰۰۲ کی اس کامیابی سے لبنان کے اندر مقاومت کی محبوبیت میں اضافہ ہو گیا۔ مقاومت لبنان کے افراد نے کبھی بھی کسی کے ساتھ تعصب سے کام نہیں لیا اور نہ کسی پر ظلم کیا اور نہ کہیں فساد برپا کیا، مقاومت نے نظم و ضبط اور احساس ذمہ داری کا ثبوت دیا یہاں تک کہ وہ لبنان کے جنوبی باشندوں کا احترام کرتی ہے اور ان کے ساتھ انسانی سلوک کرتی ہے جس سے لبنان والے اور خاص کر عیسائی ان کا احترام کرتے ہیں۔ مقاومت نے کبھی بھی اپنی محبوبیت سے غلط فائدہ نہیں اٹھایا اور اس چیز کو مقاومت کی تاریخ میں ان کی ایک آئیڈیل حالت سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

سال **2000** میں آزاد شدہ زمینیں: صہیونیوں کے قبضے سے آزاد ہونے والے دیہاتوں کی تعداد "۵۲۱" اور اسرائیل کے مزدور نیم فوجیوں کے ہاتھوں سے کہ جنہیں جنوب لبنان کی فوج کہا جا سکتا تھا، آزاد شدہ دیہاتوں کی تعداد "۳۳" تھی۔ جو دیہات آزاد ہوئے تھے وہ حکومتی لحاظ سے سات بڑے شہروں، جیسے "صور"، "بنت جبیل"، "مرجعیون"، "حاصبیا"، "بقاع غربی نبطیہ" اور حزین کے تابع تھے۔

مقاومت کی عظیم کامیابی پر ردعمل: عربوں اور لبنانیوں نے صہیونیوں اور ان کے مزدوروں کی ذلت آمیز پسپائی کو بڑی کامیابی قرار دیا کہ عوامی مقاومتی تحریک نے پہلی بار مخلصانہ طور پر عوامی اور حکومتی اتحاد کے ساتھ مقبوضہ زمینوں کو آزاد کروایا تھا۔ مقاومتی تحریک کی کامیابی سال **2000** میں ایسے حالات میں ہوئی کہ جب سیاسی جدوجہد اور صلح کے مذاکرات کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا تھا اور وہ مقبوضہ سرزمینوں کی ایک بالشت بھی واپس لینے میں کامیاب نہیں ہوئے تھے۔ ۵۲ مئی کا انقلاب قوموں کی رہائی اور ان کی زندگی میں عقیدے کے کردار کی تاکید تھی۔ مقاومتی تحریک بڑی معنوی اور سیاسی کامیابیاں حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی تھی اور اس نے سیاسی اور مذہبی اختلافات کے باوجود اپنی طاقت کو ثابت کر دیا تھا۔ سال ۰۰۰۲ کی کامیابی عوامی حرکت کے لیے ایک بہت بڑا تجربہ تھا اس کامیابی نے عرب حکام اور سیاست مداروں کو کہ جنہوں نے سازش پر مبنی مذاکرات کو ٹھکرا دیا تھا بڑی ہمت دلائی تھی۔ اور اس نے ثابت کر دیا تھا کہ امریکہ اور اسرائیل کی تسلط طلبی کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے صہیونی فوجیوں کی ذلت آمیز پسپائی اور ان کا ان کے مزدوروں کو لبنان کے اندر چھوڑ دینا عربوں اور اسرائیلیوں کے لیے بہت موثر ثابت ہوا عربوں کی مدد کی کہ دسیوں بار کی شکست اور رسوائی کے بعد کہ جس کا سبب ان کے حکام تھے انہوں نے سربلندی اور غرور کا احساس کیا اور صہیونی سماج کو ناامیدی ناکامی اور شکست کے احساس سے دوچار کیا۔

